شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

یکم جنوری 2025ء

پریس ریلیز

اللہ تعالیٰ کی مکمل بندگی ہر مسلمان پر لازم ہے۔

زندگی بے بندگی محض شرمندگی ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): اللہ تعالیٰ کی مکمل بندگی ہر مسلمان پر لازم ہے۔زندگی بے بندگی محض شرمندگی ہے۔ان خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے یونیورسٹی آف لاہور کی کریکٹر بلڈنگ سوسائٹی کے زیرِاہتمام ”رہنمائی برائے بامعنی زندگی“ کے موضوع پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اُنہوں نے کہا کہ یہ دنیا عارضی ہے،اصل زندگی تو آخرت کی ہے۔کسی کی وفات کی خبر سُن کر ہم اناللہ وانا الیہ راجعون پڑھتے ہیں جس کے ذریعے درحقیقت ہم یہ اعتراف کرتے ہیں کہ بے شک سب کچھ اللہ ہی کے لئے ہے اور ہمیں اُسی کی طرف لوٹنا ہے۔گویا یہ اقرار کرتے ہیں کہ یہ دنیا عارضی ہے۔کئی سال پہلے ”اینڈ آف ٹائم“ کے نام سے ایک ڈاکومنٹری بنی تھی جو درحقیقت ”سٹارٹ آف ٹائم“ کے بارے میں تھی۔ہماری اِس زندگی کا اصل مقصد کوئی ہمہ شمہ نہیں بتا سکتا بلکہ صرف وہ بتا سکتا ہے جو سارے جہانوں کا مالک ہے اور زندگی و دنیا بھی اُسی نے بنائی ہے۔اللہ تعالیٰ کو پہچاننے کے لیے جو ہدایت درکار ہے ہم ہر روز، ہر نماز کی ہر رکعت میں اُس کا اعادہ کرتے ہیں۔جس کسی کو نعمتِ ہدایت مل جاتی ہے،اُس کی زندگی بامعنی ہو جاتی ہے۔جدید علم معاشیات میں پڑھایا جاتا ہے کہ انسان کی خواہشات لامحدود ہیں اور وسائل محدود ہیں جبکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کہتا ہے کہ میری رحمت (وسائل) لامحدود اور اس کے مقابلے میں تمام مخلوقات کی خواہشات بہت محدود ہیں۔ایک انسان کی سب سے بڑی ضرورت اور خواہش نعمتِ ہدایت ہونی چاہیے۔فرعون، نمرود، شداد، ابولہب وغیرہ کے پاس دنیا کی ہر نعمت موجود تھی سوائے ہدایت کے جس کی وجہ سے اِن کا شمار ناکام اور نامراد لوگوں میں ہوا۔

یونیورسٹی کا آڈیٹوریم ون، طلبہ اور دیگر شرکاء سے بھرا ہوا تھا۔تقریب کے آخر میں یونیورسٹی کے ریکٹر پروفیسر محمد اشرف نے امیر تنظیم اسلامی کو پھول اور سوینئرز پیش کئے۔

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان